پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس،ایس بی ایس مارگ،ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

31اکتوبر،2018

آر بی آئی نے ڈاکٹر امبیڈکر ناگرک کوآپریٹو بینک مریادت گوالیار، مدھیہ پردیش پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا نے ڈاکٹر امبیڈکر ناگرک کوآپریٹو بینک مریادت گوالیار، مدھیہ پردیش پر روپے-/50,000(روپے پچاس ہزار صرف) کا جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ1949 (جوکہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر نافذ) کے سیکشن 47اے(1)(سی) کوسیکشن 46(4) میں شامل کر کے پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس کوآپریٹو بینک کے ذریعہ بینکنگ ریگولیشن کے سیکشن 27 کی خلاف ورزی کرنے اوراس بینک کے اوپر سپروائزری ایکشن فریم ورک کے تحت عائد پابندیوں کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے عائد کیا گیا ہے۔

ریزروبینک آف انڈیا نے بینک کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا، جس پر بینک نے تحریری جواب پیش کیا۔ معاملہ کی حقیقت پر غور کرنے کے بعد بیک کا جواب اور ذاتی سماعت کے بعد ریزروبینک آف انڈیا اس نتیجہ پر پہنچا کہ خلاف ورزی ہوئی اور بطور انتباہ جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

اجیت پرساد
معاون مشیر

پریس ریلیز2018-2019/1008